**23.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

**Music**

------------------------------

☆ انتخابی کمیشن نے خصوصی تفصیلی نظرِثانی عمل کے بعد مدھیہ پردیش کیلئے ووٹر فہرستوں کا مسودہ شائع کردیا ہے، جبکہ کیرالہ، چھتیس گڑھ اور انڈمان و نکوبار کیلئے ووٹر فہرستوں کا مسودہ آج بعد میں جاری کیا جائے گا۔

☆ مغربی بنگال میں اُن رائے دہندگان کے معاملے میں سماعت کا پہلا مرحلہ ہفتے کو شروع ہوگا، جنہیں ابھی تک اِس میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ تقریباً 32 لاکھ افراد اِس کے دائرے میں آئیں گے۔

☆ بھارت، سمندری طوفان سے متاثرہ سری لنکا کو 45 کروڑ ڈالر کا تعمیرِ نو کا پیکیج فراہم کرے گا۔

☆ نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے AI کو اسکولوں اور کالجوں میں نصاب کا لازمی حصہ بنائے جانے پر زور دیا ہے تاکہ طلباء مسائل حل کرنے کا ہنر سیکھ سکیں۔

☆ کئی تنظیموں نے بنگلہ دیش میں اقلیتوں کے خلاف زیادتیوں اور لوگوں کے ہجوم کے ذریعے Dipu Chandra Das کی Lynching کے خلاف نئی دلّی میں بنگلہ دیش ہائی کمیشن کے باہر احتجاج کیا۔

☆ گہرے کہرے کی وجہ سے دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوائی جہازوں کی پروازوں اور ریل گاڑیوں کی آمدورفت میں رکاوٹ پڑی ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، بھارت اور سری لنکا کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج شام وشاکھاپٹنم میں کھیلا جائے گا۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev. Kerela SIR**

بھارت کے انتخابی کمیشن نے آج مدھیہ پردیش میں ڈیڑھ مہینے تک گھر گھر جاکر، چناؤ فہرستوں پر کیے گئے تفصیلی نظرثانی کے کام کے بعد، چناؤ فہرستوں کا مسودہ شائع کردیا ہے۔ چناؤ فہرستوں کی اشاعت مدھیہ پردیش کے سبھی 230 اسمبلی حلقوں میں کی گئی تھی۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ اِن فہرستوں کے شائع ہونے کے ساتھ ہی ووٹروں کو ایک موقع دیا گیا ہے کہ وہ اِن فہرستوں پر غور کریں اور چناؤ فہرستوں میں تصحیح یا ناموں کو ہٹانے سمیت اپنے دعوے یا اعتراضات داخل کریں۔

**VC - Vipin Mishra**

آج چناؤ فہرستوں کا مسودہ مدھیہ پردیش کے سبھی 230 اسمبلی حلقوں میں جاری کیا گیا۔ صبح 10 بجے سے سبھی پولنگ اسٹیشنوں پر یہ مسودہ دستیاب کرا دیا گیا تھا، جہاں ووٹرس اپنے نام تلاش کرسکتے ہیں۔ انتخابی کمیشن کی ہدایت کے مطابق، اُن ووٹروں کے نام، جو یا تو فوت ہوگئے ہیں یا اُس جگہ سے چلے گئے ہیں یا جن کے نام ایک سے زیادہ چناؤ فہرستوں میں ہیں، خصوصی تفصیلی نظرثانی کے عمل کے دوران ہٹا دیے گئے تھے۔ جن ووٹروں کے نام اِس فہرست میں شامل نہیں ہیں، درکار دستاویزات کے ساتھ اپنے دعوے یا اعتراضات داخل کرسکتے ہیں، جو 22 جنوری 2026 تک قبول کیے جائیں گے۔ حتمی چناؤ فہرست 21 فروری 2026 کو شائع کی جائے گی۔

بھوپال سے وِپن مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ............

کیرالہ، چھتیس گڑھ اور انڈمان و نکوبار جزیروں کیلئے بھی چناؤ فہرستوں کے مسودے کی اشاعت آج ہی کی جائے گی۔

اعلیٰ انتخابی افسران CEOs اور ضلع انتخابی افسران DEOs، سبھی تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کو چناؤ فہرستوں کے مسودے کی نقلیں فراہم کریں گے۔ فہرستوں کا یہ مسودہ CEO اور DEO ویب سائٹس پر آن لائن بھی دستیاب ہوگا۔ اِس کے علاوہ، وہ چناؤ فہرستیں، جن میں اُن ووٹروں کے نام ہیں، جو غیر حاضر ہیں یا اُس جگہ سے چلے گئے ہیں یا فوت ہوچکے ہیں یا جن کے نام ایک سے زیادہ چناؤ فہرستوں میں ہیں، انہیں ویب سائٹس پر اَپلوڈ کیا جائے گا۔

اُدھر مغربی بنگال میں چناؤ فہرستوں پر خصوصی نظرثانی SIR کے تحت سماعت کے پہلے مرحلے میں ایسے تقریباً 32 لاکھ ووٹروں کو شامل کیا جائے گا، جو ابھی تک اِس میں شامل نہیں تھے۔

اِس زمرے کیلئے سماعت، جس میں افراد اپنے نام نہیں تلاش کر پارہے تھے یا متعلقہ لوگوں کے نام 2002 کی ووٹر فہرست میں نہیں ہیں، اِس مہینے کی 27 تاریخ سے شروع کی جائے گی۔

مغربی بنگال کے اعلیٰ انتخابی افسر کے دفتر کے مطابق، اِس طرح کے 10 لاکھ ووٹروں کو نوٹس جاری کیے جاچکے ہیں۔ اِس کے علاوہ مزید 22 لاکھ نوٹس آج بھیجے جائیں گے۔

شماریاتی مرحلے کے دوران، پوری ریاست میں غیر شامل شدہ 31 لاکھ 68 ہزار 424 رائے دہندگان کی شناخت کی گئی ہے۔×

**Jaishankar Colombo**

بھارت، سمندری طوفان Ditwah سے متاثرہ علاقوں کی تعمیرِ نو میں معاونت کیلئے سری لنکا کو 45 کروڑ ڈالر کا پیکیج فراہم کرے گا۔ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کولمبو میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ پیکیج میں رعایتی شرحوں پر 35 کروڑ ڈالر کا قرضہ اور گرانٹس کی شکل میں 10 کروڑ ڈالر شامل ہیں۔

انہوں نے کہا کہ بھارت کی امداد میں بازآبادکاری اور سڑکوں کی بحالی، ریلوے اور پل کنکٹیویٹی، مکانوں کی تعمیر میں مدد سمیت سمندری طوفان سے سب سے زیادہ متاثرہ شعبے دائرے میں آئیں گے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake سے ملاقات کی اور سمندری طوفان سے

ہونے والے نقصان کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کی طرف سے ایک خط انہیں سونپا۔x

**VP - AI Evolution**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج کہا ہے کہ بھارت سبھی کی شمولیت والی ترقی اور ملک کی کایہ پلٹ کیلئے مصنوعی ذہانت AI سے متعلق پالیسیاں اور مشن تشکیل دینے میں، عالمی سطح پر سب سے زیادہ سرگرم ملکوں میں سے ایک بن کر اُبھرا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ نے یہ بات نئی دلّی ایک قومی کانفرنس ''AI کا ارتقا - AI کا مہا کمبھ'' سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب رادھا کرشنن نے خاص طور پر کہا کہ AI، اسکولوں اور کالجوں میں نصاب کا لازمی حصہ ہونا چاہیے اور AI سے جلد واقفیت، طلبا کو Critical Thinking اور مسائل کے حل تلاش کرنے کے ہنر سے آراستہ کرتی ہے۔

**SB - Radhakrishnan - AI - Student**

جناب رادھا کرشنن نے یہ بھی کہا کہ ''بھارت AI مشن'' کا 10 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ بجٹ سے آغاز کیا گیا ہے، جس سے AI کی طاقت سے فائدہ اُٹھانے کے حکومت کے پختہ عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔x

**IB Endowment Lecture**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ انٹلی جنس بیورو لوگوں کو سکیورٹی فراہم کرنے اور ملک کے اتحاد اور سالمیت کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کرتا رہا ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں انٹلی جنس بیورو کا 38واں صد سالہ Endowment لیکچر دے رہی تھیں۔ محترمہ دروپدی مرمو نے کہا کہ گذشتہ دہائی کے دوران انٹلی جنس بیورو جیسی سکیورٹی ایجنسیوں نے ملک کے اندر کئی طرح کے خطرات کو دور کیا ہے۔

صدرِ جمہوریہ نے ملک کی داخلی سلامتی کیلئے انٹلی جنس بیورو کے غیر معمولی رول کی بہت ستائش کی اور کہا کہ یہ ادارہ، اُن سورماؤں کی ایک ایجنسی ہے، جو ہماری نظروں کے سامنے نہیں ہوتے۔

**SB - 1400 - President Murmu IB Hero ES**

اِدھر مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ، امورِ داخلہ کے وزیرِ مملکت Bandi سنجے کمار اور داخلہ سکریٹری گووند موہن بھی اِس موقع پر موجود تھے۔ x

**Delhi Protest Bangladesh**

وِشو ہندو پریشد اور بَجرنگ دَل سمیت کئی تنظیموں نے آج نئی دلّی میں بنگلہ دیش ہائی کمیشن کے باہر احتجاج کیا۔ یہ لوگ بنگلہ دیش میں اقلیتی ہندوؤں کے خلاف زیادتیوں اور لوگوں کے ہجوم کے ذریعے Dipu Chandra Das کی Lynching کے معاملے پر احتجاج کررہے تھے۔

بنگلہ دیش ہائی کمیشن کے باہر سکیورٹی بڑھا دی گئی ہے اور علاقے میں پولیس اور نیم فوجی عملے کے ساتھ تین سطحی Barricading کی گئی ہے۔

اِدھر وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت، بنگلہ دیش کی صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ وزارت کے مطابق بھارتی ہائی کمیشن کے عہدیدار بنگلہ دیش کے حکام سے رابطہ قائم کئے ہوئے ہیں اور انہوں نے اقلیتوں پر حملوں کے معاملے پر گہری تشویش سے مطلع کیا ہے۔

وزارتِ خارجہ نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ **Dipu Chandra Das** کی وحشیانہ ہلاکت کیلئے ذمہ دار عناصر کو قانون کی گرفت میں لیا جانا چاہیے۔ **x**

## PM Charan Singh

آج پورے ملک میں کسانوں کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ سابق وزیرِ اعظم اور بھارت رتن چودھری چرن سنگھ کے یومِ پیدائش کے موقع پر یہ دن منایا جاتا ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی اور زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے، چودھری چرن سنگھ کو، اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ چودھری چرن سنگھ نے اپنی زندگی زراعت کی پیشرفت اور کسانوں کی خوشحالی کے ساتھ ساتھ معاشرے کے محروم طبقوں کی بہبود کیلئے وقف کردی تھی۔
**x**

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات **IMD** نے آج دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب اور اتر پردیش میں زیادہ گھنا کہرا چھائے رہنے کے سبب اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ، اُڈیشہ اور اترا کھنڈ میں گھنے کہرے کی پیش گوئی کی ہے۔

ہماچل پردیش، جموں، کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان اور مظفرآباد میں بھی اِسی صورتحال کا امکان ہے۔

اِس کے علاوہ بہار میں سخت سردی کے امکانات ہیں۔**x**

## Women's T20 Cricket

خواتین کرکٹ میں، بھارت اور سری لنکا کے درمیان پانچ میچوں کی سیریز کا دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ آج وشاکھاپٹنم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ بھارت کو اِس سیریز میں ایک - صفر کی سبقت حاصل ہے۔

اتوار کو وشاکھاپٹنم میں ہی پہلے میچ میں ہرمَن پریت کور کی زیرِ کمان بھارتی ٹیم نے سری لنکا کو **8** وکٹ سے ہرا دیا تھا۔ **x**

## PESA Mahotsav

پنچایتی راج محکمے کی وزارت آج **1996** کے پنچایتوں سے متعلق شیڈولڈ علاقوں میں توسیع کے ایکٹ کو منانے کے سلسلے میں، آج وشاکھاپٹنم میں دو روزہ **PESA** مہوتسو کا اہتمام کررہی ہے۔ مذکورہ ایکٹ میں شیڈولڈ علاقوں تک پنچایتی راج

اداروں کو توسیع دے کر اور مقامی سطح پر خود حکمرانی میں گرام سبھاؤں کے رول کو مستحکم بنا کر قبائلی طبقوں کو بااختیار بنانے کی گنجائش ہے۔

میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، پنچایتی راج کی مرکزی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری مُکتا شیکھر نے کہا کہ اِس پروگرام سے برادری کی زیرِ قیادت حکمرانی اور قبائلی افراد کو بااختیار بنانے کے تئیں سرکار کے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔

محترمہ مُکتا شیکھر نے کہا کہ یہ مہوتسو مقامی ترقی میں گرام سبھاؤں کے رول اور قبائلی ثقافت کو اجاگر کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔ x

**ISRO Satellite Launch**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم ISRO کل ایک مواصلاتی سیٹلائٹ BlueBird Block-2 کو خلاء میں چھوڑے گی۔ امریکہ کے AST Space Mobile کا یہ سیٹلائٹ خلائی راکٹ LVM3-M6 کے ذریعے کرۂ ارض کے نچلے مدار میں پہنچنے والا سب سے بڑا کمرشل مواصلاتی سیٹلائٹ ہوگا۔

یہ نئے سلسلے کے BlueBird Block-2 مواصلاتی سیٹلائٹس کا حصہ ہے، جو اسٹینڈرڈ موبائل اسمارٹ فونز کو سیدھے خلاء پر مبنی Cellular براڈ بینڈ کنکٹیویٹی فراہم کرنے کیلئے ڈیزائن کئے گئے ہیں۔

خلائی راکٹ LVM3 تین مرحلوں والا خلائی راکٹ ہے، جو اِس سے پہلے چندریان دوئم اور چندریان سوئم نیز OneWeb کے دو مشن لانچ کرنے کیلئے استعمال کیا گیا تھا، جس میں 72 سیٹلائٹ تھے۔

اِس خلائی راکٹ کے ذریعے گذشتہ مہینے M5-CMS-03 مشن بھی کامیابی کے ساتھ انجام دیا گیا۔x

**Chouhan G Ram G**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ ''وکست بھارت - جی رام جی'' اسکیم کے تحت ایک لاکھ 51 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم مختص کرنے کی تجویز ہے تاکہ روزگار پیدا کرنے اور جامع دیہی ترقی کیلئے مناسب رقومات کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔

ایک ویڈیو پیغام میں وزیرِ موصوف نے کہا کہ اب کارکنوں کو 100 دن کے بجائے 125 دن کے روزگار کی گارنٹی قانونی اعتبار سے مل گئی ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ ''ایم جی نریگا'' کے نام پر پھر سے ملک کے لوگوں کو گمراہ کرنے کی دانستہ کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ اسکیم ''ایم جی نریگا'' سے آگے بڑھ کر ایک ترقی پسند قدم ہے۔

وزیرِ موصوف نے کہا کہ کام نہ ہونے کی صورت میں بے روزگاری بھتے کے بندوبست کو بھی مزید مستحکم بنایا گیا ہے۔

جناب شیو راج سنگھ چوہان نے، اِس بات کو اجاگر کیا کہ مذکورہ اسکیم میں پانی کی بچت، دیہی بنیادی ڈھانچے کے کام، روزی روٹی کی سرگرمیوں اور قدرتی آفات کی روک تھام کے اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے تاکہ ترقی یافتہ، خودکفیل اور ایسے گاؤں بنائے جائیں، جہاں غربت نہ ہو اور روزگار میسر ہو۔

**SB - Shivraj Singh Chouhan**

**UN-Bangladesh Concern**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل Antonio گُتریس نے بنگلہ دیش میں بڑھتے ہوئے تشدد پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ سبھی اقلیتیں اپنے آپ کو پوری طرح محفوظ سمجھیں۔ اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ وہ حالیہ حملوں نیز ہندوؤں کی Lynching کے واقعات سے کافی فکرمند ہیں۔ اُنہوں نے زور دیا ہے کہ وہ لوگ، جن کا تعلق اکثریتی فرقے سے نہیں ہے، اُن کا تحفظ کیا جانا چاہئے۔ جناب گُتریس نے محمد یونس کی قیادت میں عبوری حکومت پر اپنا اعتماد ظاہر کیا، جو ہر بنگلہ دیشی کو محفوظ بنانے کیلئے کام کرے گی۔

پچھلے سال اگست میں سابق وزیراعظم شیخ حسینہ کو اقتدار سے بے دخل کئے جانے کے بعد سیاسی بے چینی کی وجہ سے تشدد میں تیزی آئی ہے۔ تشدد کے حالیہ واقعے نے تشویش میں اضافہ کردیا ہے۔

نوجوان لیڈر شریف عثمان ہادی کی ہلاکت نے، جو انقلاب مونچا کا ایک ترجمان تھا، اس ماہ کے شروع میں کشیدگی کو مزید ہوا دی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆